BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# برامپٹن سٹی کونسل نے کمیونٹی انرجی اینڈ ایمشن ریڈکشن پلان کی مفتقہ طور پر توثیق کر دی ہے

برامپٹن، آن (23 ستمبر 2020) - آج کونسل کی کمیٹی کے اجلاس میں، برامپٹن سٹی کونسل کے ممبران نے 2050 تک برامپٹن میں گرین ہاؤس گیس (GHG) کے اخراج میں 80 فیصد تک کم لانے کے حوالے سے شہر کے طے شدہ مقصد کو پورا کرنے کی جانب ایک اہم اقدام اٹھایا ہے اور متفقہ طور پر شہر کے پہلے کمیونٹی انرجی اینڈ ایمشن ریڈکش پلان (CEERP) کی متفقہ طور پر توثیق کر دی ہے۔

شیریڈن کالج کی شراکت میں فروغ پانے والا یہ CEERP سٹی، رہائشیوں اور کاروباری اداروں کو توانائی کی استعداد کار میں بہتری لانے، GHGs میں کمی لانے، توانائی کی حفاظت کو یقینی بنانے، معاشی فوائد پیدا کرنے اور آب و ہوا میں تبدیلی کے اتار چڑھاؤ پر قابو پانے کے نئے اور بہترین طریقہ ہائے کار کے فروغ اور ان کو اپنانے میں معاونت کے لیے ایک رہنماء کے طور پر کام کرے گا۔
CEERP کے تین خصوصی مقاصد ہیں:

- 2041 تک پوری کمیونٹی میں 2016 کے درجہ کے توانائی کے استعمال میں کم از کم 50 فیصد تک کمی لانا
- 2041 تک پوری کمیونٹی میں 2016 کے درجہ کے گیسوں کے اخراج میں کم از کم 50 فیصد تک کمی لانا اور اس سطح میں 2050 تک 80 فیصد تک کمی لانے کی راہیں ہموار کرنا تاکہ وفاقی اور صوبائی اہداف تک یا اس سے آگے پہنچا جا سکے۔
- 2041 تک کمیونٹی کے اندر کم از کم 26 بلین ڈالر کی توانائی کے اخراجات برقرار رکھنا۔

سٹی ان تین اہداف کو حکمت عملی کی سات سمتوں کے ذریعے حاصل کرے گا۔ حکمت عملی کی ہر سمت کئی مقاصد اور 2041 کے اہداف کی حامل ہو گی جو سٹی اور کمیونٹی کے اقدامات کو رہنمائی فراہم کریں گے۔ برمپٹن کی توانائی کی منتقلی میں تیزی لانے کے لیے، CEERP نے چھ ترجیحی منصوبوں کی نشاندہی کی ہے جو اگلے پانچ سالوں میں مکمل ہوں گے۔ ترجیحی منصوبوں سے بڑھ کر، CEERP نے اگلے 20 سال کے دوران اس منصوبے کے مقاصد اور اہداف کو پورا کرنے کے لیے دیگر کئی اقدامات کا ایک خاکہ بھی پیش کیا ہے۔ ان اقدامات کو مسلسل، مختصر، درمیانے اور دائمی عرصے کے لیے رکھا گیا ہے اور ان کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ بھی کیا جائے گا۔

CEERP کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/ceerp ملاحظہ کریں۔

**فوری حقائق**

- 2019 میں برامپٹن سٹی کونسل نے موسمیاتی ہنگامی صورتحال کے اطلاق کی منظوری کے لیے متفقہ طور پر ووٹ دیا تھا، جس کا مقصد شہر میں پیدا ہونے والی GHGs کو 2050 تک 80 فیصد تک کم کرنا تھا۔
- صنعتی اور سماجی رہنماؤں کے ایک گروپ، CEERP کمیونٹی ٹاسک فورس نے اس منصوبے کے فروغ میں باہمی تعاون سے کام کیا ہے۔
- فروری کے مہینے میں 'ون ملین ٹریز پروگرام' کے تحت برامپٹن سٹی کونسل نے ہر سال پورے شہر میں 50,000 نئے پودے لگانے کے پروگرام کی توثیق کی۔ آب و ہوا میں بے ہنگم تبدیلیوں کے خطرات سے نمٹنے کے لیے یہ ایک دوسرا بڑا قدم ہے۔
- میئر پیٹرک براؤن آب و ہوا اور توانائی کے عالمی عہد نامے کے ایک رکن ہیں، جو موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف جنگ میں حصہ لینے والے 9،200 شہروں کے درمیان موجود اپنی نوعیت کا پہلی قسم کا ایک عالمی اتحاد ہے۔
- سٹی آف برامپٹن پیل کلائیمیٹ چینج پارٹنرشپ کا ایک رکن ہے، جو ریجن آف پیل اور مقامی میونسپلٹیوں کے درمیان پایا جانے والا باہمی اشتراک عمل ہے اور اس کا مقصد ایسے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانا اور انہیں مالی معاونت فراہم کرنا ہے جو ہر ممبر تنظیم کو گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لانے اور آب و ہوا کی تبدیلیوں کو زیر قابو رکھنے میں معاونت فراہم کرتے ہوں۔

**اقتباسات**

"ایک قابل تائید اور گرین سٹی بننے کے خواب کے ہمارے سفر میں کمیونٹی انرجی اینڈ ایمشن ریڈکش پلان ایک اہم قدم ہے۔ یہ نہ صرف 2050 تک برامپٹن میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں80 فیصد تک کمی لانے کے ہمارے مقصد کو پورا کرنے میں مدد گار ثابت ہو

گا، بلکہ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ موسمیاتی ہنگامی صورتحال کے خلاف ہماری جنگ میں برامپٹن ایک بلدیاتی رہنماء کی حیثیت رکھتا ہے۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے خطرات سے نمٹنے کے لیے ہم سب کو مل جل کر کام کرنا جاری رکھنا چاہیے۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"کینیڈا میں گرین ہاؤس گیسوں کے کُل اخراج میں سے نصف حصّہ کی ذمہ داری میونسپیلٹیز پر عائد ہوتی ہے۔ کمیونٹی انرجی اینڈ ایمشن ریڈکش پلان میں دلچسپی، برامپٹن کے ایک گرین سٹی بننے کے عزم کی آئینہ دار ہے اور مجھے یقین ہے کہ یہ منصوبہ توانائی کی کارکردگی کو بہتر بنانے، GHGs میں تخفیف لانے اور آب و ہوا میں تبدیلی کے خطرات سے نمٹنے کے ہمارے عزم کو مزید تقویت پہنچائے گا۔"

*- پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر، وارڈز 1 اور 5: چیئر، پبلک ورکس اینڈ انجنیئرنگ، سٹی آف برامپٹن*

"کاربن گیسوں کی مقدار کو کو کم کرنے کے لیے، ہمیں آب و ہوا کی اس واضح ہنگامی صورتحال کے دوران مل جل کر کام کرنا جاری رکھنا چاہئے۔ CEERP کمیونٹی ٹاسک فورس میں تعاون کرنے والے تمام افراد کا بہت شکریہ اور ایسے تمام رہائشیوں کا بھی شکریہ جنہوں نے کمیونٹی انرجی اینڈ ایمشن ریڈکش پلان کے حوالے سے منعقد کی جانے والی وابستگی کی نشتوں میں بھرپور حصّہ لیا ہے۔ جب ہم ایک گرین سٹی کی تعمیر جاری رکھیں گے، تو قابل تائید ہونے کے ہمارے سفر میں یہ ایک اہم روڈ میپ کا کردار ادا کرے گا۔"

*- ڈوگ وہلینز، سٹی کونسلر، وارڈز 2 اور 6، ممبر CEERP کمیونٹی ٹاسک فورس، سٹی آف برامپٹن*

"شیریڈن کے ساتھ شراکت داری میں تیار کیا گیا یہ کمیونٹی انرجی اینڈ ایمیشن ریڈکشن پلان نہ صرف ہمارے عملے کو بھرپور رہنمائی فراہم کرے گا بلکہ یہ برامپٹن کو ایک گرین سٹی بنانے کی راہ ہموار کرنے اور 2050 تک ہماری کمیونٹی میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 80 فیصد تک کم کرنے کے کونسل کے ہدف کو پورا کرنے میں بھی معاون ثابت ہو گا۔"

*- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca